**17.07.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ فیصل خان

**Music**

☆ اندور کو مسلسل آٹھویں مرتبہ سب سے صاف ستھرے شہر کا ایوارڈ ملا ہے۔ سورت دوسرے مقام پر رہا۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے مختلف زمروں میں 78 سووچھ سرویکشن ایوارڈز عطا کئے۔

☆ بہار حکومت نے اسمبلی چناؤ سے پہلے صارفین کو 125 یونٹ تک مفت بجلی دینے کا اعلان کیا ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ بھارت کے ساتھ جلد ہی تجارتی معاہدے کو قطعی شکل دے دی جائے گی۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آج مدھیہ پردیش اور اترپردیش کے حصوں میں بہت شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ کیرالہ اور کرناٹک کے مختلف اضلاع میں اسکولوں کی چھٹی کردی گئی ہے۔ خراب موسم کی وجہ سے امرناتھ یاترا معطل کردی گئی ہے۔

☆ اور شطرنج میں، بھارتی گرانڈ ماسٹر پرگیانند، Magnus Carlsen کو ہراکر Las Vegas میں فری اسٹائل Grand Slam کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PREZ-SWACHH SURVEKSHAN**

اِندور نے مرکزی سرکار کے صفائی ستھرائی سے متعلق سالانہ جائزے میں لگاتار آٹھویں سال بھارت کا سب سے صاف ستھرا شہر ہونے کا اپنا خطاب برقرار رکھا ہے، جبکہ سورت کو دوسری اور نوی ممبئی کو تیسری پوزیشن حاصل ہوئی ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلّی میں منعقدہ ایک تقریب میں سُوَچھ سرویکشن 2024-25 ایوارڈز عطا کئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ مرمو نے زور دے کر کہا کہ صفائی ستھرائی ملک کی ثقافتی بیداری کی بنیاد ہے۔ انہوں نے سُوَچھ بھارت مشن کے تحت ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی کوششوں کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ سُوَچھ سرویکشن ایک کامیاب پہل ثابت ہوا ہے۔ تقریب کے دوران مختلف زمروں میں کُل 78 ایوارڈز دیئے گئے۔×

**PM-BIHAR-WB VISIT**

وزیراعظم نریندر مودی کل بہار اور مغربی بنگال کا دورہ کریں گے۔ بہار کے اپنے دورے کے دوران وزیراعظم موتیہاری میں 7 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ یہ پروجیکٹ ریلوے، سڑک، دیہی ترقی، ماہی پروری، الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے شعبوں سے متعلق ہیں۔ اسی دن وزیراعظم مغربی بنگال جائیں گے، جہاں وہ پانچ ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے، جو تیل اور گیس، بجلی، سڑک اور ریلوے کے شعبوں سے متعلق ہیں۔x

**BIHAR FREE ELECTRICITY**

بہار حکومت نے اگلے ماہ کی پہلی تاریخ سے ریاست میں صارفین کو 125 یونٹ تک مفت بجلی فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ریاست کے وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار نے فیصلے کے بارے میں اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اس سے ریاست کے ایک کروڑ 67 لاکھ کنبوں کو فائدہ ہوگا۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگلے تین سال میں گھریلو صارفین کی اجازت سے ان کے گھروں کی چھتوں پر اور قریبی عوامی مقامات پر شمسی توانائی کے پلانٹس نصب کیے جائیں گے۔ جناب کمار نے یہ بھی کہا کہ بہار حکومت Kuteer جیوتی اسکیم کے تحت بہت غریب کنبوں کے لیے، سولر پاور پلانٹس کی تنصیب کا مکمل خرچ برداشت کرے گی۔ باقی صارفین کیلئے ریاستی حکومت سولر پاور پلانٹس کی تنصیب کیلئے مالی مدد فراہم کرے گی۔ اگلے تین سال میں بہار میں 10 ہزار میگاواٹ شمسی توانائی بھی دستیاب ہوگی۔x

**MEA-BOLIVIA**

بھارت نے امدادی سامان کے ساتھ خسرہ اور Rubella کی تین لاکھ ویکسین کی ایک کھیپ Bolivia روانہ کی ہے تاکہ وہ بیماری سے نمٹ سکیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت عالمی خطۂ جنوب کے اپنے دوست ممالک کے ہمیشہ ساتھ ہے۔ x

**ED-SEARCHES**

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ تبدیلیٔ مذہب کے معاملے میں چھانگر بابا سے وابستہ مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دے رہی ہے۔ تلاشی کی یہ کارروائی 14 مقامات پر انجام دی جارہی ہے، جن میں سے اترپردیش کے Utraula اور بلرام پور میں 12 اور ممبئی میں دو مقامات شامل ہیں۔ x

**DELHI GOVT-AAP PROBE**

دلّی سرکار نے بدعنوانی مخالف براۓنچ ACB کو عام آدمی پارٹی کی سابقہ حکومت کی مدتِ کار کے دوران ''وزیرِ اعلیٰ کی ہنر سے متعلق جے بھیم ترقیاتی اسکیم'' میں مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، وزیرِ تعلیم آشیش سود نے اِس اسکیم کے تحت کووڈ 19 کے دوران عام آدمی پارٹی پر 145 کروڑ روپے کا گھپلہ کرنے کا الزام لگایا۔

**TRUMP ON INDIA US TRADE**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان جاری بات چیت میں تجارت سے متعلق عبوری معاہدہ جلد طے پاسکتا ہے۔ جناب ٹرمپ نے کہا کہ بات چیت صحیح سمت میں ہورہی ہے اور مجوزہ معاہدے سے امریکہ اور انڈونیشیا کے درمیان ہوئے تجارتی معاہدے کے طرز پر امریکی کمپنیوں کو بھارتی بازار تک وسیع تر رسائی حاصل ہوسکتی ہے۔x

**TRUMP UNIFIED TARIFFS**

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے 150 سے زیادہ ملکوں اور خطوں میں محصول کی یکساں شرحیں نافذ کرنے کے ایک منصوبے کا اعلان کیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے واشنگٹن ڈی سی میں نامہ نگاروں کو بتایا کہ یہ سبھی کیلئے یکساں ہوگا۔ اِس نئے اقدام کے تحت، جو ممالک شامل ہوں گے، صدر ٹرمپ نے، انہیں چھوٹے ممالک قرار دیا ہے اور اِن میں وہ شامل ہیں، جو امریکہ سے زیادہ تجارت نہیں کرتے۔ اِس دوران جاپان سے متعلق صدر ٹرمپ نے کہا کہ بات چیت جاری ہے لیکن انہوں نے نتائج پر شبہ کا اظہار کیا۔ اپریل کے مہینے میں ٹرمپ انتظامیہ نے، اُن معیشتوں پر 10 فیصد بنیادی محصول عائد کیا تھا، جو دو طرفہ معاہدوں کے تحت نہیں آتی ہیں۔ x

**MAHA-NASHIK ACCIDENT**

مہاراشٹر کے ناسِک ضلع میں ایک موٹر گاڑی اور موٹر سائیکل کے درمیان ٹکر ہونے سے 3 خواتین اور ایک بچے سمیت 7 افراد ہلاک اور دیگر دو شدید طور پر زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ کل رات ناسِک - Dindori سڑک علاقے میں پیش آیا۔ ایک موٹر گاڑی، جس میں 7 مسافر سوار تھے، ایک موٹر سائیکل سے ٹکرا گئی اور دونوں ہی سڑک کے کنارے ایک نالے میں جاگریں۔ زخمیوں کو فوری علاج کیلئے ناسِک ضلع اسپتال بھیج دیا گیا۔ x

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج مدھیہ پردیش اور اترپردیش کے حصوں میں بہت شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے آئندہ تین روز کیلئے کیرالہ، ماہے اور جنوبی اندرونی کرناٹک میں شدید بارش کیلئے اورینج الرٹ بھی جاری کیا ہے۔ کیرالہ میں IMD نے کاسَرگوڈ، کنّور، وایاناڈ اور کوزی کوڈ اضلاع کیلئے اورینج الرٹ، جبکہ مَلَپ پورم، پلکڑ، تھریسور، ارناکُلم، اِڈوکی اور اَلاپوزا اضلاع کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ کرناٹک میں Udupi اور Kodagu میں اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ضلع انتظامیہ نے، اِن اضلاع میں اسکولوں اور آنگن واڑی مراکز کیلئے چھٹی کا اعلان کردیا ہے۔

موسمیات کے محکمے نے بہار، اتراکھنڈ، ہریانہ، پنجاب، دلّی، ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، لداخ، گلگت بلتستان، مظفرآباد، راجستھان، چھتیس گڑھ اور جھارکھنڈ میں آج گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے ، تیز ہوائیں چلنے اور شدید بارش کا بھی امکان ظاہر کیا ہے۔ x

**AMARNATH YATRA**

جموں و کشمیر میں شری امرناتھ جی یاترا کو کشمیر اور جموں دونوں ڈویژنوں کے زیادہ تر علاقوں میں خراب موسمی صورتحال کے سبب عارضی طور پر روک دیا گیا ہے۔ سرکاری ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ بالتل اور پہلگام کے راستوں پر شدید بارش کے پیشِ نظر حکام نے آج کیلئے امرناتھ جی یاترا کو معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ آج جموں کے بنیادی پڑاؤ سے کشمیر کی جانب یاترا کے کسی بھی قافلے کو جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ x

**KARNATKA-STAMPEDE**

کرناٹک سرکار نے گزشتہ مہینے بینگلورو کے چناسوامی اسٹیڈیم کے گیٹ کے باہر ہونے والی بھگدڑ کیلئے IPL کرکٹ ٹیم رائل چیلنجرس بینگلورو کو مورد الزام ٹھہرایا ہے۔ اس بھگدڑ میں 11 افراد ہلاک اور 50 سے زیادہ زخمی ہوئے تھے۔ ریاستی سرکار کی جانب سے کرناٹک ہائی کورٹ میں پیش کی گئی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ RCB مینجمنٹ، اِیونٹ مینجمنٹ پارٹنر، DNA نیٹ ورکس پرائیویٹ لمیٹڈ اور کرناٹک ریاستی کرکٹ ایسوسی ایشن نے پولیس سے مشورہ کئے بغیر یکطرفہ طور پر جیت کا جشن منانے کا فیصلہ کیا تھا۔ اس میں مزید کہا گیا ہے کہ IPL چیمپئن شپ جیتنے کا جشن منانے کیلئے ضروری اجازت اور لائسنس حاصل نہیں کئے گئے تھے۔x

**INS-NILGIRI**

نیلگری کلاس اسٹیلتھ گائیڈڈ میزائل جنگی جہاز، INS نیلگری آج پہلی بار چنئی بندرگاہ کیلئے روانہ ہوا۔ اسے، پروجیکٹ

17 A کے تحت ملک کے اندر تیار کیا گیا ہے، جو بھارت کی جہاز سازی اور بحری صلاحیتوں میں بڑھتی ہوئی مہارت کا ثبوت ہے۔ یہ جہاز جدید ہتھیاروں اور سینسرس سے لیس ہے، جو بھارتی بحریہ کی عملی طاقت میں خاطر خواہ اضافہ کرتا ہے۔×

**SYRIA DRUZE CEASEFIRE**

شام کے داخلی امور سے متعلق عہدیداران اور Druze برادری کے درمیان جنگ بندی کا ایک نیا معاہدہ ہوگیا ہے، جس کا مقصد کئی دنوں کی خونریز جھڑپوں کا خاتمہ کرنا ہے۔ ایک بیان میں شام کے داخلی امور سے متعلق عہدیداران نے کہا ہے کہ اِس معاہدے میں فوجی کارروائیوں کو مکمل طور پر روکنا، داخلی سکیورٹی چیک پوائنٹ کی تعیناتی اور سبھی سرکاری اداروں کے مکمل کام کاج کی بحالی شامل ہے۔ روحانی Druze رہنما نے اِس معاہدے کی تصدیق کی ہے۔ یہ حالیہ جنگ بندی چار دنوں کی پُرتشدد جھڑپوں کے بعد ہوئی ہے، جس میں کم از کم 248 افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ اِس دوران اسرائیل نے حالیہ دنوں میں Druze برادری کے تحفظ کا دعویٰ کرتے ہوئے، Sweida اور دمشق میں فوجی ٹھکانوں پر سلسلہ وار فضائی حملے کئے ہیں۔ x

**LEH-HPV**

لداخ میں ہِل ڈولپمنٹ کونسل Leh، اس مہینے کی 27 تاریخ کو اسکول جانے والی 9 سے 14 سال کی عمر کی لڑکیوں کیلئے Human Papillomavirus Vaccination (HPV) مہم شروع کرے گی۔ اس تاریخی مہم کا آغاز نوبل انعام یافتہ تبت کے روحانی پیشوا دلائی لامہ کریں گے۔ یہ لداخ میں پہلی HPV ویکسی نیشن مہم ہوگی۔×

**CHESS FREESTYLE GRAND SLAM**

شطرنج میں بھارت کے گرانڈ ماسٹر رمیش بابو پرگیانند نے عالمی نمبر ایک کھلاڑی Magnus Carlsen کو ہراکر Las Vegas میں فری اسٹائل Grand Slam شطرنج مقابلے کے کوارٹر فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔ 19 سالہ پرگیانند نے ناروے کے چیمپئن کھلاڑی کو محض 39 چالوں میں مات دے دی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆